نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21-سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وفاقی وزیر نیشنل فوڈ سیکیورٹی اینڈ ریسرچ سید فخر امام نے محکمہ زراعت پنجاب کے زیر اہتمام یونیورسٹی آف سرگودھا میں منعقدہ ایگریکلچر شو 2022 کا افتتاح کر دیا۔ وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی اور سیکرٹری زراعت پنجاب اسد رحمان گیلانی کی شرکت۔

اس نمائش کے انعقاد سے انڈسٹری و کاشتکاروں کے مابین روابط میں بہتری آئے گی جس سے ہائی ویلیو ایگریکلچر چین میں بہتری اور زرعی برآمدات میں اضافہ ہوگا۔ وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی

لاہور: 27 فروری 2022 (   ) وفاقی وزیر نیشنل فوڈ سیکیورٹی اینڈ ریسرچ سید فخر امام نے محکمہ زراعت پنجاب کے زیر اہتمام یونیورسٹی آف سرگودھا میں منعقدہ دوروزہ زرعی نمائش کا افتتاح کیا۔ ضلع سرگودھا میں منعقدہ اس نمائش میں صوبائی وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی اور سیکرٹری زراعت پنجاب اسد رحمان گیلانی نے خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر صوبائی وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ضلع سرگودھا میں اپنی نوعیت کا یہ ایک میگا ایونٹ ہے جس میں ہائی ویلیو ایگریکلچر کے درآمد و برآمد کنندگان، کاشتکاروں و دیگر اسٹیک ہولڈرز کی کثیر تعداد شریک ہے۔ اس نمائش کے انعقاد سے کاشتکاروں اور انڈسٹری کے مابین روابط میں مزید بہتری آئے گی۔ کاشتکار پھلوں وسبزیات کی جدید پیداواری ٹیکنالوجی سے متعلق آگاہی حاصل کر سکیں گے۔ صوبائی وزیر زراعت نے مزید کہا کہ زرعی مصنوعات کی برآمدات میں اضافہ کیلئے عالمی سطح پر بڑی منڈیوں تک رسائی کے لئے کوششیں جاری ہیں اور یہ زرعی نمائش ان کاوشوں کا ایک سلسلہ ہے۔ نمائش میں مقامی و ملکی زرعی مصنوعات' انڈسٹری' زرعی مشینری' پھل اور سبزیوں کے سٹال لگائے گئے ہیں۔ اس نمائش سے ہائی ویلیو ایگریکلچر چین کو بہتر بنانے میں مدد ملے گی اور ہماری زرعی برآمدات میں اضافہ ہوگا۔ انھوں نے مزید بتایا کہ اس نمائش کے انعقاد سے قبل ہائی ویلیو ایگریکلچر چین کے فروغ کے لئے محکمہ زراعت اب تک 3 پاکستان ہارٹی ایکسپو اور 2 پنجاب ایگری ایکسپو نمائشوں کا انعقاد کر چکا ہے جس میں 35 ہزار سے زائد وزیٹرز نے شرکت کی جن میں بیرونِ ملک سے آئے ہوئے امپورٹرز، خریدار اور بزنس مین بھی شامل تھے اور اس کے علاوہ 40 سے زائد وفود جو کہ مختلف ممالک (ملائشیا، انڈونیشیا، قطر، مصر، سری لنکا، بحرین، تاجکستان، ازبکستان، سعودی عرب، بیلاروس اور یوکرائن وغیرہ) سے بھی شریک ہوئے۔ ان 5 نمائشوں کے ذریعے 13.2 ملین امریکی ڈالر کی بزنس ڈیلز ہوئیں۔ اس موقع پر وفاقی وزیر نیشنل فوڈ سیکیورٹی اینڈ ریسرچ سید فخر امام نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعظم پاکستان کے ویژن کے مطابق زرعی برآمدات میں اضافہ کے لئے اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ آج ضلع سرگودھا میں منعقدہ یہ نمائش اسی کڑی کا ایک سلسلہ ہے۔ اس سے نہ صرف کاشتکاروں کو جدید پیداواری ٹیکنالوجی سے آگاہی حاصل ہوگی اور زرعی برآمدات میں اضافہ ہوگا۔ اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب اسد رحمان گیلانی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہائی ویلیو ایگریکلچر چین میں بہتری کے لئے محکمہ زراعت پنجاب 3 ارب 20 کروڑ روپے کی لاگت سے جاری منصوبہ کے تحت اب تک سرگودھا، چنیوٹ، منڈی بہاؤالدین اور ٹوبہ ٹیک سنگھ کے 81 ہزار ایکڑ رقبہ کے باغات کے 3 ہزار باغبانوں کو جدید پیداواری ٹیکنالوجی سے آگاہی اور عملی تربیت فراہم کی گئی ہے۔ اس منصوبہ کے تحت سٹرس انڈسٹری (پروسیسنگ یونٹس) کو بھی سپورٹ فراہم کی گئی ہے تا کہ ان کی سٹوریج اور ویلیو ایڈیشن کی صلاحیت کو بہتر بنایا جا سکے۔ اس کے علاوہ زرعی نمائشوں کا انعقاد بھی کیا جا رہا ہے تا کہ ملکی زرعی برآمدات میں اضافہ کیا جا سکے۔ نمائش میں ممبر صوبائی اسمبلی شمیم آفتاب، فرانسیسی سفیر، ڈپٹی کمشنر ضلع سرگودھا اصغر جوئیہ، وائس چانسلر سرگودھا یونیورسٹی پروفیسر سلیم مظہر، ایڈیشنل سیکرٹری زراعت پلاننگ شرین ناز سمیت محکمہ زراعت کے افسران اور کاشتکاروں کی کثیر تعداد شریک ہوئی۔ یہ زرعی نمائش کل اختتام پذیر ہوگی۔

☆☆☆☆☆